www.dailypakistan.com.pk

ہمارے لیے اللہ ہی کافی ہے اور وہی سب سے بہتر مددگار ہے (القرآن)

★★★★★★★ لاہور۔راولپنڈی/اسلام آباد۔کراچی۔ملتان اور پشاور سے بیک وقت شائع ہونے والا موثر ترین قومی اخبار 65-35404061

روزنامہ پاکستان لاہور

چیف ایڈیٹر: مجیب الرحمٰن شامی

THE DAILY PAKISTAN LAHORE

ایڈیٹر: عمر مجیب شامی

جلد 36 | جمعۃ المبارک 12 شوال 1446ھ، 11 اپریل 2025ء 28 چیت 2081ب، صفحات 8 قیمت | شمارہ 33

فوری انصاف کی فراہمی وفاقی محتسب کا نصب العین، اعجاز قریشی

عوام کو وکیل اور فیس کے بغیر انصاف فراہم کیا جاتا ہے، وفاقی محتسب کی گفتگو

ساہیوال (بیورو رپورٹ/ڈسٹرکٹ رپورٹر) وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی نے کہا کہ عوام کو فوری ریلیف فراہم کرنا وفاقی محتسب کا بنیادی نصب العین ہے۔انہوں نے کہا کہ عوام کا اداروں پر اعتماد بحال کرنا گڈ گورننس کے لئے ضروری ہے اور عوام تک آسان رسائی سے ہی مسائل حل ہونگے انہوں نے ان خیالات کا اظہار ساہیوال میں وفاقی محتسب کے ریجنل آفس کا افتتاح کرتے ہوئے کیا۔ کمشنر ساہیوال ڈویژن شعیب اقبال سید، ریجنل ایڈوائزر عنائت اللہ دولہ، صدر ساہیوال پریس کلب محمد نعیم شیخ اور ڈپٹی ڈائیریکٹر یاسر ملک بھی ان کے ہمراہ تھے۔ انہوں نے کہا کہ سوئی گیس، میپکو، لیسکو، ریلوے، ایف آئی اے، کسٹمز، نادرا، پاسپورٹ، ای او بی آئی سمیت تمام وفاقی اداروں کے خلاف عوامی شکایات سنی جائیں گی۔ انہوں نے کہا کہ ریلیف کے لئے عوام کو نہ وکیل کرنے کی ضرورت ہے اور نہ ہی کوئی فیس ادا کرنی ہے۔ انہوں نے کہا کہ ملک بھر میں 25 ریجنل آفس قائم کئے گئے ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ ریجنل آفس کے قیام سے دور دراز علاقوں کے سائلین کو بڑا ریلیف ملے گا۔ انہوں نے کارکردگی کے حوالے سے بتایا کہ وفاقی محتسب نے سال 2024 میں 2 لاکھ 26 ہزار سے زائد سائلین کو ریلیف پہنچایا اور 93 فی صد درخواستوں پر دادرسی کی گئی۔

www.mashriqakhbar.com.pk Member APNS mashriqnews3@gmail.com

سچ اور سچ کے سوا کچھ نہیں ! ABC CERTIFIED باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت

وہی ہے مشرق و مغرب کا مالک (القرآن)

روزنامہ

مشرق

لاہور

چیف ایگزیکٹو حاجی شوکت علی کاکڑ

چیف ایڈیٹر: عبدالباقی کاکڑ

جلد:15 | جمعۃ المبارک 12 شوال المکرم 1446ھ 11 اپریل 2025ء 28 چیت 2082 ب صفحات:26 قیمت 35 روپے | شمارہ: 22

وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی ساہیوال میں ریجنل آفس کا افتتاح کر رہے ہیں
کمشنر ساہیوال شعیب اقبال سید اور ریجنل ایڈوائزری عنائت اللہ دولہ بھی ہمراہ ہیں

عوام کو فوری ریلیف فراہم کرنا وفاقی محتسب کا بنیادی نصب العین ہے

اعجاز احمد قریشی

عوام کا اداروں پر اعتماد بحال کرنا گڈ گورننس کے لئے ضروری ہے اور عوام تک آسان رسائی سے ہی مسائل حل ہونگے

ساہیوال میں وفاقی محتسب کے ریجنل آفس کا افتتاح پر گفتگو، کمشنر شعیب اقبال سید، عنائت اللہ دولہ اور دیگر بھی شریک

ساہیوال (چوہدری اشرف سے) وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی نے کہا کہ عوام کو فوری ریلیف فراہم کرنا وفاقی محتسب کا بنیادی نصب العین ہے۔ انہوں نے کہا کہ عوام کا اداروں پر اعتماد بحال کرنا گڈ گورننس کے لئے ضروری ہے اور عوام تک آسان رسائی سے ہی مسائل حل ہونگے۔ انہوں نے ان خیالات کا اظہار ساہیوال میں وفاقی محتسب کے ریجنل آفس کا افتتاح کرتے ہوئے کیا۔ کمشنر ساہیوال ڈویژن شعیب اقبال سید، ریجنل ایڈوائزر عنائت اللہ دولہ، صدر ساہیوال پریس کلب محمد نعیم شیخ اور ڈپٹی ڈائیریکٹر یاسر ملک بھی ان کے ہمراہ تھے۔ انہوں نے کہا کہ سوئی گیس، میپکو، لیسکو، ریلوے، ایف آئی اے، کسٹمز، نادرا، پاسپورٹ، ای او بی آئی سمیت تمام وفاقی اداروں کے خلاف عوامی شکایات سنی جائیں گی۔ انہوں نے کہا کہ ریلیف کے لئے عوام کو نہ وکیل کرنے کی ضرورت ہے اور نہ ہی کوئی فیس ادا کرنی ہے۔ انہوں نے کہا کہ ملک بھر میں 25 ریجنل آفسز قائم کئے گئے ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ ریجنل آفسز کے قیام سے دور دراز علاقوں کے سائلین کو بڑا ریلیف ملے گا۔ انہوں نے کارکردگی کے حوالے سے بتایا کہ وفاقی محتسب نے سال 2024 میں 2 لاکھ 26 ہزار سے زائد سائلین کو ریلیف پہنچایا اور 93 فی صد درخواستوں پر دادرسی کی گئی۔ انہوں نے کہا کہ وفاقی محتسب کے ادارے نے حکومت پر عوام کے اعتماد کو بحال کیا۔ کمشنر ساہیوال شعیب اقبال سید نے وفاقی محتسب کو ساہیوال ڈویژن میں عوامی مسائل کے فوری حل کیلئے اٹھائے گئے انتظامات بارے بتایا۔ ریجنل ایڈوائزر عنائت اللہ دولہ نے کہا کہ ساہیوال ڈویژن کے عوامی مسائل حل کرنے کے لئے ریجنل آفس اہم کردار ادا کرے گا۔ انہوں نے کہا کہ سائلین مسائل کے حل کیلئے بے خوف درخواست دیں۔ وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی نے سول سوسائٹی، ساہیوال چیمبر، وکلاء اور صحافیوں کے وفود سے بھی ملاقات کی اور ریجنل آفس کے قیام کی غرض و غائت بارے تفصیلی آگاہ کیا۔ سول سوسائٹی کی جانب سے فوری ریلیف کی فراہمی کیلئے ساہیوال میں ریجنل آفس کے قیام کا خیر مقدم کیا گیا۔